سمندر پار پاکستانیوں کے لئے I-Voting

پریس ریلیز

31st August 2018

۱۔ الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 94 پر عمل درآمد کرتے ہوئے 14 اکتوبر 2018 کو ہونے والے ضمنی انتخابات میں سمندر پار پاکستانی اپنا حق رائے دہی بذریعہ انٹرنیٹ ووٹنگ (I-Voting) استعمال کر سکیں گے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے نادرا کی تکنیکی معاونت سے ایک انٹرنیٹ ووٹنگ سسٹم تیار کیا ہے۔ ایسے سمندر پار پاکستانی جن کا تعلق ان انتخابی حلقہ جات سے ہے جہاں ضمنی انتخابات منعقد ہو رہے ہیں I-Voting کے ذریعے مورخہ 14 اکتوبر 2018 کو پاکستانی وقت کے مطابق صبح 8 تا شام 5 بجے تک اپنا ووٹ آن لائن ڈال سکیں گے۔ آن لائن ووٹنگ کا طریقہ کار درج ذیل ہوگا۔

۱۔ Sign up (سائن اپ)

i. اپنے کمپیوٹر یا موبائل کے ذریعے www.overseasvoting.gov.pk پر جائیں۔

ii. اپنی ضروری معلومات بشمول نام، NICOP کا نمبر، ای میل ایڈریس، سمندر پار رہائشی ملک کا نام اور موبائل نمبر وغیرہ درج کریں اور سکرین پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں اور سائن اپ کے بٹن پر کلک کریں۔

iii. Online Voting System کے ذریعے مہیا کردہ ای میل ایڈریس پر ایک Pin Code موصول ہوگا جس کے ذریعے ووٹر تکمیل اکاونٹ کی تصدیقی ای میل پر کلک کرے گا۔

iv. اکاونٹ کی تصدیق کے لئے ووٹر اپنا ای میل ایڈریس اور موصول شدہ Pin Code درج کرے گا اور "تصدیق" کے بٹن کو کلک کرے گا جس کے بعد ووٹر کو تصدیق کا تکمیلی پیغام موصول ہوگا۔

۲۔ ووٹر کا تصدیقی عمل:

i. Internet Voting System میں log-in کرتے وقت ووٹر اپنا ای میل اور پاس ورڈ درج کرے گا۔

ii. ووٹر Internet Voting System میں رجسٹریشن کی اہلیت کے تعین کے لئے سکرین پر موجود ضروری معلومات دیئے گئے باکس میں درج کرے گا۔

iii. Internet Voting System ووٹر سے تصدیق کے لئے چند سوالات پوچھے گا۔ درست جوابات کی صورت میں ووٹر کو Online Voting کے لئے درج کر لیا جائے گا۔ تصدیقی ای میل سے ووٹر کو آگاہ کر دیا جائے گا۔

iv. ووٹر Internet Voting System کے خودکار نظام کے تحت پولنگ کے دن سے قبل مناسب وقت پر مہیا کردہ ای میل ایڈریس پر Voter pass موصول کرے گا۔

۳۔ ووٹ ڈالنے کا طریقہ:

i. انتخابات کے دن پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق پولنگ کے اوقات صبح 8 تا شام 5 بجے کے دوران ووٹر اپنا اکاؤنٹ استعمال کرتے ہوئے Log-in کرے گا اور "ووٹ ڈالئے" کے بٹن کو دبائیں۔

ii. "ووٹ ڈالئے" کے بٹن کو دبانے کے بعد مہیا کردہ Voter Pass اور NICOP نمبر کے ذریعے اپنی متعلقہ قومی یا صوبائی اسمبلی کے حلقہ نمبر پر کلک کرے گا جس کے بعد الیکٹرانک بیلٹ پیپر سکرین پر نمودار ہوگا۔ ووٹر اپنی پسند کے امیدوار کے نام کے بٹن کو دبائے گا اور اس کے بعد کنفرم پر کلک کرے گا۔

پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق آج رات 12 بجے سے لے کر 15 ستمبر کی رات 12 بجے تک ضمنی انتخابات کے متعلقہ الیکٹورل رول میں پہلے سے اندراج شدہ سمندر پار پاکستانی اپنے آپ کو Online Voting کے لئے رجسٹر کروا سکیں گے۔

ووٹر کی سہولت کے لئے مندرجہ بالا ہدایات کی ویڈیوز انگریزی اور اردو زبانوں میں www.ecp.gov.pk, www.overseasvoting.gov.pk پر مہیا کر دی گئی ہیں۔